الصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم

امیر عزیمت مولانا

حق نواز

شہید رحمہ اللہ کی

جدوجہد

حافظ

ابوریحان ضیاء الرحمن فاروقی

Scanned with CamScanner

الصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم

امیر عزیمت مولانا حق نواز شہید رحمہ اللہ کی

جدوجہد

حافظ

ابو ریحان ضیاء الرحمن فاروقی

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

نام کتاب امیر عزیمت مولانا حق نواز شہید" کی جدوجہد

مصنف ابو ریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی

تعداد 1100

اشاعت اول 1990ء

اشاعت دوم اکتوبر 1994ء

تعداد 2200

قیمت 20/- روپے

ناشر ادارہ اشاعت المعارف۔ ریلوے روڈ، فیصل آباد۔ پاکستان

☎ 0411-640024

Scanned with CamScanner

خوف خدا عشق مصطفیؐ حب اصحابؓ رسولؐ

سپاہ صحابہؓ

پاکستان

نصب العین

- اللہ تعالیٰ کی واحدانیت حضور اکرم ﷺ کی ختم نبوت کا تحفظ کرنا۔
- مقام اصحابؓ رسول ﷺ کی اشاعت کیلئے ہر ممکن کوشش کرنا۔
- نظام خلافت راشدہ کے نفاذ کیلئے سعی کرنا۔
- رد رافضیت کیلئے بھرپور کارروائی عمل میں لانا۔
- نیکی کی دعوت دینا' برائی سے روکنا۔
- خلاف اسلام کارروائیوں کی روک تھام کیلئے کوشش کرنا۔
- شہری و ملکی سطح کے مخصوص مسائل میں دلچسپی لینا۔
- سنی مکاتب فکر کے اتحاد کی پرخلوص کوشش کرنا۔
- نئی نسل کو اولیاء عظام کی روحانی اسلامی تعلیمات سے روشناس کرنا۔
- مثبت معاشرتی اور سماجی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لینا۔

Scanned with CamScanner

پیش رس

سپاہ صحابہؓ کے بانی امیر عزیمت مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ کے مختصر تعارف آپ کے مشن، جدوجہد اور نصب العین پر مشتمل یہ تحریر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

اس مختصر کتابچہ سے سپاہ پاکستان کی تحریک کو سمجھنے میں مدد ملے گی ---------- اس کے علاوہ افسران حکومت کے نام ایک اہم یادداشت شیعہ کے کفریہ عقائد پر علماء اہلسنّت (بریلوی، دیو بندی اہل حدیث) کے فتاویٰ۔ کثیر تعداد میں شائع کئے جارہے ہیں۔

امید ہے سنی نوجوان اور علماء سپاہ پاکستان کے لٹریچر سے واقفیت حاصل کر کے اس عظیم مشن میں ہمارا ساتھ دیں گے۔

ابو ریحان ضیاء الرحمٰن فاروقی
سرپرست اعلیٰ
سپاہ صحابہؓ پاکستان

Scanned with CamScanner

شیعہ کی جارحیت اور مولانا حق نوازؒ کی جدوجہد کا آغاز

تاریخ اسلام کی ورق گردانی کرنے والا ہر انسان اس حقیقت سے واقف ہے کہ عبداللہ ابن سبا کی ستم کاریوں سے لے کر بغداد کے ابن علقمی تک، مصر کے ابن طالوت عراقی سے لے کر ایران کے میمون القداح بن دیصان تک، بغداد کے معز الدولہ سے لے کر قم کے حسن بن صباح حمیری تک شیعہ کا ہر سرغنہ اسلام کے سینے کو چھید تا رہا۔ ایک طرف حضرت عثمانؓ کی شہادت دوسری طرف خود حضرت حسینؓ پر تیشہ کاری، کہیں بغداد کی تاراجی اور کہیں صلاح الدین ایوبی کے خلاف سازشوں کی گہرائیاں، ایک طرف فاطمیوں کی تعدی تو دوسری طرف سلجوقیوں کا تجاوز، وہاں خلافت عثمانیہ کا خاتمہ تو یہاں مغلیہ دور میں نور جہاں کا تفوق، میر جعفر رافضی کے ہاتھوں سراج الدولہ کا قتل ہوا تو میر صادق سبائی کے دست ستم کش سے ٹیپو سلطان کی گردن کاٹی گئی۔

الغرض کس کس عہد کی ابتلاؤں کا رونا رویا جائے، کس کس دور کے المیے کی تاریخ یاد کر کے اشک بہائے جائیں، صنف نازک کے ذریعے ہر عہد کے شیعہ نے مسلم حکمرانوں کے دماغوں کو ماؤف کیا، حرص و آز کے دریچے کھول کر مذہبی پیشواؤں کو ہمنوا بنایا۔

برصغیر میں انگریزی استبداد کو خوش آمدید کہہ کر نو نو سو مربع زمین الاٹ کرانے والے رافضی جاگیرداروں نے عہد ماضی کی تاریخ کو دہرایا، اسلام کے نام پر اہل اسلام میں اثر و نفوذ کیا، غریب مسلم عوام سنیت کی رواداری اور اعتدال و مصلحت کی بھینٹ چڑھتے رہے۔ شیعہ نے مسلم قومیت میں اس قدر گہرا رشتہ استوار کر لیا کہ امام مالکؒ کے فتاویٰ، شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی تصریحات، امام غزالیؒ کی وضاحتیں، ابن تیمیہؒ کا واویلا، حضرت مجدد الفؒ ثانی کا غوغا، مولانا عبدالشکور لکھنویؒ کی چیخ و پکار بھی ان کفر کے اماموں کو امت مسلمہ سے علیحدہ نہ کر سکی۔ بلاشبہ ان اکابرین کے اتمام حجت اور محنت شاقہ نے ایک عظیم مسلم طبقے کے ایمان کی حفاظت کی اور اسلام اور کفر کی حد فاصل کو واضح کیا۔

اس طرح قیام پاکستان کے بعد بھی شیعہ ایک مسلم فرقے کے طور پر ملت اسلامیہ کو

Scanned with CamScanner

فریب دیتے رہے، شیعہ اور مسلمانوں کے جغرافیائی روابط اور تمدنی الصاق و ارتباط نے علماء حق کی چیخ و پکار کو درخور اعتناء نہ سمجھا، بلاشبہ قیام پاکستان کے بعد سے لے کر آج کے بڑے بڑے علماء تک مختلف جماعتوں کے ذریعے کئی شخصیتوں نے اصحابؓ رسول ﷺ کی تعلیمات کے فروغ میں قابل قدر خدمات سرانجام دیں، ایک حد تک امت مسلمہ کی اکثریت علماء کی اسی جدوجہد کی وجہ سے شیعہ کے دجل و تلبیس سے محفوظ رہی، پاکستان کے بعض علاقوں میں صحابہ کرامؓ کو ماں، بہن کی ننگی گالیاں دی گئیں، تحریر و تقریر کے ذریعے رفقائے نبوتؓ کو کافر، مرتد، بدمعاش، زانی، شرابی، خائن اور ہر قسم کے من گھڑت الزامات کا مورد ٹھہرایا گیا، قران کی ۷۰۰ آیات کے مطابق دنیا کی جو جماعت قدسی الاصل اور محمدی ﷺ شریعت کے عینی گواہوں کی حیثیت رکھتی تھی اسے دنیا کی سب سے بدترین جماعت کہا گیا۔

غلاظت و کثافت کی یہ سڑاند تو شیعہ مذہب کے بانی عبداللہ بن سبا کے دور سے ہی مسلم معاشرے کو متعفن کرتی رہی تھی لیکن اس غلیظ اور بدبودار لٹریچر کو ۱۳ زبانوں میں شائع کر کے دنیا بھر میں پھیلانے اور اپنے اصلی چہرے سے نقاب کھول کر خود کو آشکار کرنے کا سہرا عہد حاضر کے نام نہاد ایرانی پیشواء جناب خمینی صاحب کے حصہ میں آیا۔

۱۱۔ فروری ۱۹۷۹ء کو خمینی کے شیعہ انقلاب نے سینکڑوں برس کی بادشاہت کا خاتمہ کر کے جب اقتدار پر قبضہ جمایا تو امت مسلمہ کے ایک طبقے نے شاہ ایران کی زیادتیوں کے باعث خمینی کے اسلامی دعوؤں سے ایسا فریب کھایا کہ وہ عصر حاضر کے ابن سبا، اسلام کی بنیادوں کو منہدم کرنے والے اس دشمن اسلام کی کارگزاری کو اسلامی انقلاب قرار دینے لگے" ایرانی انقلاب کی سالگرہ کے نام پر ہر سال جب یہاں کے بعض علماء اور اعتدال و مصلحت کے شکار چند دینی پیشواؤں کو ایران جاکر قریب سے "خمینیت" کو دیکھنے کا موقع ملا تو ان میں بیشتر بلبلا اٹھے، غلط فہمی کا شکار ہونے والے ایک بڑے طبقے نے کھلے عام ایرانی انقلاب کو خالص شیعہ انقلاب قرار دیا۔ رفتہ رفتہ ایرانی ذرائع ابلاغ ہی کے ذریعے ان کی اسلامیت کی قلعی کھلنے لگی، خانہ کعبہ میں ہنگامہ آرائی، عراق کے خلاف جنگ میں ایران کی ہٹ دھرمی اور پوری اسلامی دنیا کے موقف سے انحراف نے دنیا بھر میں خمینی اور اس کے حواریوں کے چہرے سے نقاب اتار کر اسے چوراہے میں ننگا کر دیا۔ ایرانی ریڈیو اور ٹیلی

Scanned with CamScanner

ویژن کا پروپیگنڈہ اس زور سے جاری رہا کہ ۴۴ اسلامی ملک بشمول پاکستان' ایران کی خمینی حکومت کو ملت اسلامیہ کا ایک حصہ گردانتے رہے ---------- جناب خمینی کے انقلاب نے دنیا کے ایک طبقہ کو اپنی طرف متوجہ ضرور کیا لیکن خمینی کے اپنے خطبات اور ان کی تصانیف جب مختلف ملکوں میں پہنچیں تو دنیائے اسلام ورطۂ حیرت میں ڈوب گئی .... دنیا بھر سے مختلف آراء سامنے آنے لگیں' مسجدوں کے حجروں میں تبصرے ہوتے رہے' جلسوں اور کانفرنسوں میں دبے لفظوں میں اختلاف کی چنگاری پھوٹنے لگی۔

تاہم ایرانی حکومت نے ریڈیو' ٹیلی ویژن اور اخبارات کے علاوہ دنیا بھر میں خانہ فرہنگ ہائے ایران کے نام پر تمام مسلم اور غیر مسلم ممالک میں ایسے سازشی سنٹر قائم کئے کہ جنہوں نے ایک طرف صحابہ کرامؓ کے خلاف متعلقہ ممالک کی زبانوں میں لٹریچر کے انبار لگائے تو دوسری طرف ہر ملک کی شیعہ اقلیت کو سرمایہ اور اسلحہ فراہم کیا' نتیجتاً دنیا بھر میں ایران کے شیعہ انقلاب کو برآمد کرنے کی مہم زور شور سے جاری رہی ---------- بدقسمتی سے دنیا کے تمام اسلامی ممالک میں کوئی حکومت مذہبی اور دینی اقدار کے احیاء میں اس قدر حساس اور اور مہم جو نہ تھی جو ایران کے اس طوفانی لٹریچر اور پروپیگنڈے کا موثر جواب دیتی' شیعہ کی ایک مذہبی حکومت خود اپنے سبائی اور شیعی نظریات کو عین اسلام قرار دینے کیلئے کبھی لاشرقیہ و لاغربیہ اسلامیہ اسلامیہ کا نعرہ لگاتی رہی' کبھی امریکی اور روسی سامراج کے خلاف اعلان جنگ سے امت مسلمہ کے ایک طبقے کو گمراہ کرتی رہی۔ کبھی شیعہ سنی اتفاق و اتحاد کا واویلا کرتی رہی ایک طرف وہ ساری دنیا کے مسلمانوں کے اتحاد کی دعویدار بن رہی ہے دوسری طرف حضرت ابو بکرؓ' حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کو کافر اور زندیق لکھتی رہی' ایک طرف "تمام امت مسلمہ ایک ہے" کا راگ الاپتی رہی دوسری طرف ایران کی ۳۴ فیصد سنی آبادی کو ایک مسجد کے قیام سے سختی کے ساتھ روکتی رہی۔ ایرانی حکومت نے ایک طرف کہا کہ "شیعہ و سنی میں جو تفریق کرتا ہے وہ نہ شیعہ ہے نہ سنی" تو دوسری طرف اپنے ہی حکومتی دستور میں اس کی دھجیاں یوں بکھیریں کہ ایران کا صدر' وزیر اعظم' وزراء' حتیٰ کہ ایرانی پارلیمنٹ کا ممبر بھی اثنا عشری شیعہ ہی ہوگا۔

اندریں حالات پاکستان میں جس پہلے انسان نے نہایت جرات اور بے مثال استقلال کے ساتھ کھلے عام خمینی کے کفریہ عقائد کو جلسوں اور کانفرنسوں میں آشکار کیا۔ وہ مولانا حق

نواز جھنگوی شہیدؒ کی ذات گرامی تھی۔

آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔

اذا ظھرت الفتن او البدع و سبت اصحابی فیظھر العالم علمہ و ان لم یفعل ذالک فعلیہ لعنۃ اللہ و الملائکۃ و الناس اجمعین ط

ترجمہ: جب فتنے ظاہر ہو جائیں، بدعات پھیلنے لگیں اور میرے صحابہؓ کو گالیاں دی جانے لگیں تو عالم کو چاہیے اپنا علم ظاہر کرے اگر وہ ایسا نہ کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت ہو گی۔

آنحضرت ﷺ کے انہی ارشادات کا تقاضا تھا کہ تمام مصلحتوں کو بالائے طاق رکھ کر صحابۂ کرامؓ کو گالی دینے اور کافر قرار دینے والے گروہ کے خلاف علماء اٹھ کھڑے ہوں، اپنی تمام توانائیاں اس عظیم فتنہ کی سرکوبی کے لئے صرف کریں۔ آسائش و آرام اور عافیت و سکون کو تج کر اس کھلے کفر کو جو صرف دولت کے بل بوتے پر پروپیگنڈے کے ذریعے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر ساری دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونک رہا ہے۔ للکارا جائے اس کے کفریہ عقائد کو ہر شہر، ہر کوچے، ہر بستی اور ہر ملک میں کھول کر دنیا کے ایک عرب بیس کروڑ مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت کی جائے۔ صحابہ کرامؓ پر سب و شتم سے علماء پر جو محمدی ﷺ احکام کے مطابق ذمہ داری عائد ہوتی ہے اس سے عہدہ برآ ہوا جائے۔ ایسے حالات میں پاکستان میں اسلامی سوچ رکھنے والی ایسی کوئی حکومت نہ تھی۔ بیورو کریٹس میں ہر جگہ شیعہ کے جراثیم تھے۔ مختلف علاقوں میں شیعہ جاگیرداروں کا تسلط تھا۔ اس عظیم مشن کی تکمیل کس طرح ممکن تھی۔ جب ہر علاقے اور ہر شہر کے ڈپٹی کمشنز اور ایس پی اسلام کے اس عظیم الشان فریضہ کی ادائیگی کو فرقہ واریت قرار دے رہے ہوں۔ پاکستان کے تمام سیاستدان اپنی اپنی مصلحتوں اور مجبوریوں کے باعث اس خاردار وادی میں قدم رکھنے سے لرزاں ہوں۔ اپنی اپنی چودھراہٹوں اور قیادتوں کی باہمی جنگ کو تو اصولی قرار دیتے ہوں اور صحابہ کرامؓ کو کھلے عام کافر قرار دینے والوں کے خلاف سخت لہجے کو ملکی حالات کی خرابی کے پرفریب الفاظ کے ذریعے ملک کے مفاد کے خلاف قرار دے رہے ہوں، بہت مشکل تھا کہ کوئی شخص صرف دینی حمیت کا پیرہن اوڑھ کر کارزار میں اترے

Scanned with CamScanner

عواقب و نتائج سے بے نیاز ہو کر صحابہ کرامؓ کی مدح اور ان کے دشمنوں سے نمٹنے کیلئے تنہا آتش خرابات میں کود پڑے۔

مولانا حق نواز جھنگوی پاکستان کے پہلے عالم دین اور مجاہد خطیب تھے جنہوں نے بے سروسامانی کے عالم میں مشکلات کا سینہ چیر کر مصائب کے سمندر میں شناوری کی' انہوں نے مسلمانوں کے سامنے شیعہ کے کفر کو ایسے واضح دلائل سے آشکار کیا کہ لاکھوں کے اجتماعات میں ایک بھی ایسا شخص نہ ہوتا تھا جو ان کی تقریر کے بعد خمینی اور اس کے حواریوں کے کافر ہونے کا انکار کرے۔

مولانا حق نواز جھنگوی کی قائم کردہ تنظیم سپاہ پاکستان نے صرف پانچ سال کے مختصر عرصہ میں کالجوں' سکولوں' یونیورسٹیوں میں اہلسنت کے تمام نوجوانوں کو لاکھوں کی تعداد میں ایک پلیٹ فارم پر جمع کر کے اس عظیم مشن کی تکمیل کی۔ ان کو تخریب کار' فسادی' فرقہ پرور کہا گیا' ان کے لہجے کو سخت' ان کی تقریر کو شور و غل کا عنوان دیا گیا' لیکن اس حقیقت سے کون انکار کر سکتا ہے کہ انہوں نے ۱۵ سالہ خطابت کے دوران کوئی تقریر ایسی نہیں کی جو دلائل و براہین سے خالی ہو' وہ اپنے موقف پر انتہائی مضبوط شواہد پیش کرتے' وہ جانتے تھے کہ میرا مقابلہ ایک ایسے کفر کے ساتھ ہے کہ جو نہ صرف یہ کہ ریڈیو' ٹیلی ویژن' اخبارات سے لیس ہے بلکہ کروڑوں ڈالر ہر سال اپنے کفریہ عقائد کو اسلام ثابت کرنے پر خرچ کرتا ہے' لیکن حکومتی تعاون کے بغیر' بے سروسامانی کے عالم میں امت مسلمہ کی خوابیدہ روحوں کو جس ہمت اور پامردی سے بیدار کیا وہ انہی کا حصہ تھا۔

تاریخ کے دریچے سے جھانکنے والا ہر شخص جانتا تھا کہ حضرت سعید بن جبیرؒ' امام ابو حنیفہؒ' امام احمدؒ بن حنبل' حضرت مجدد الفؒ ثانی' شیخ الاسلام' محمد بن عبدالوہابؒ' حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ اور شیخ الہند محمود الحسنؒ تاریخ اسلام کی وہ درخشندہ شخصیتیں ہیں جنہیں اپنے اپنے عہد میں ایسے ہی حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ انکے سامنے حکومتوں کے مظالم' اپنوں کی بے وفائی اور ہر راہ پر کانٹوں کی مالا تھی' ہر عہد آفرین شخص جب دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو اس کے اخلاص و للہیت کے باعث اس کے مشن کی حقانیت سورج کی طرح آشکار ہو جاتی ہے' اس کے مخالف بھی اس کے موقف کی تائید کرنے لگتے ہیں اسکو برا کہنے والے بھی اس کے مدح سرا ہوتے ہیں' اس کے نصب العین سے اختلاف رکھنے والے بھی خود

Scanned with CamScanner

اس کے پروگرام کے علمبردار بن جاتے ہیں۔

یہی صورت حال شہید اسلام مولانا حق نواز جھنگوی" کے بعد پیش آئی۔ ہزاروں انسان ان کی قبر پر اشکبار نظر آتے ہیں۔ ان کے مخالف بھی ان کے موقف سے یکجہتی کا اظہار کر رہے ہیں۔ ان کے جنازے کے بے شمار لاکھ انسانوں میں ہر شخص دھاڑیں مار مار کر رو رہا تھا، حکومتی پابندیوں کے باوجود اتنا بڑا جنازہ پاکستان کی تاریخ میں چند بڑے جنازوں میں سے ایک تھا۔

سپاہ صحابہؓ کے قیام کے بعد ۶ ستمبر ۱۹۸۴ء سے مولانا حق نواز، خمینی کے کفریہ عقائد، کھلے دجل و فریب اور ان کے حواریوں اور پیشواؤں کی غلیظ تحریروں کے خلاف خم ٹھونک کر میدان میں آ گئے تھے۔ انہوں نے صرف ۵ سال میں پاکستان میں ایسی فضا تیار کر دی تھی کہ عامتہ الناس میں خمینی اور ان کے ہمنواؤں کی صفائی پیش کرنا مشکل ہو گیا تھا۔ ان کے اس چیلنج نے شیعہ کو ایسا لاجواب کر دیا وہ دلائل کا سامنا نہ کر سکے اور بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر ان کے قتل پر اتر آئے۔

مولانا حق نواز کا چیلنج یہ تھا۔

"پاکستان اور دنیا بھر کے شیعو! میں نے تمہارے کفریہ عقائد اور اسلام کے لبادے کو تار تار کر دیا ہے۔ تمہیں میری تقریروں اور میری جماعت کی بڑھتی ہوئی ترقی سے بے حد تکلیف ہے میں جو کہتا ہوں وہ تمہاری کتابوں میں موجود ہے۔ تمہارے امام خمینی نے حضرت عمرؓ اور تمام صحابہ کرامؓ کو کافر اور مرتد لکھا ہے۔ اگر تم سمجھتے ہو کہ میں غلط کہہ رہا ہوں تو تم ہائیکورٹ یا سپریم کورٹ میں میرے خلاف دعویٰ کرو کہ حق نواز ہمیں بلاوجہ کافر قرار دے رہا ہے حالانکہ ہم مسلمان ہیں۔

اگر عدالت کے کٹہرے میں، میں تم کو تمہارے عقائد و کتابوں کی روشنی میں کافر ثابت نہ کر سکا تو مجھے عدالت ہی میں گولی مار دی جائے۔ میرا خون تمہارے لئے معاف ہے۔"

Scanned with CamScanner

مولانا حق نواز شہید کے اس چیلنج نے پاکستان اور ایران کے شیعہ میں کھلبلی مچا دی تھی ان کے پیہم دلائل ایسے مضبوط ہوتے تھے کہ آج تک خمینی کا کوئی ہمنوا ان کے چیلنج کا جواب نہ دے سکا، بالآخر ان کو حق گوئی کی پاداش میں گولیوں سے چھلنی کر کے شہید کر دیا گیا۔

قائد سپاہ صحابہؓ مورخ اسلام حضرت مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی
کے قلم سے سیرت النبی ﷺ پر خوبصورت تصنیف

ربیع الاول کا تحفہ

نیا ایڈیشن شائع ہو چکا ہے

رہبر و رہنماء

قیمت ۱۰۰ روپے بمعہ ڈاک خرچ

کتاب وی پی نہیں کی جائیگی۔

سپاہ صحابہؓ کے کارکنوں اور عہدیداروں کیلئے
خصوصی رعائیت براہ راست منگوانے کے لئے

خالد عمران مدیر معاون ادارہ اشاعت المعارف
ریلوے روڈ فیصل آباد فون ۳۱۱۲۴

Scanned with CamScanner

مولانا حق نوازؒ کا مکمل تعارف

ابتدائی تعلیم، تبلیغی جدوجہد، روافض کے خلاف کام کی تاریخ، شہادت

وطن، پیدائش، ابتدائی تعلیم

حضرت مولانا حق نواز جھنگوی شہیدؒ چاہ کچی والا موضع چیلہ تھانہ مسن تحصیل و ضلع جھنگ کے مقام پر پیدا ہوئے جو دریائے چناب اور دریائے جہلم کے سنگم پر واقع ہے۔

ضلع جھنگ ایک انتہائی پسماندہ ضلع ہے، یہاں بہتر تعلیمی سہولتیں اور ذرائع آمدورفت دیگر قریبی اضلاع کے مقابلہ میں آج بھی بہت محدود ہیں۔ مولانا شہیدؒ کا علاقہ تو بہت ہی زیادہ پسماندہ ہے۔ جب مولانا نے اس علاقہ میں آنکھ کھولی تو اس علاقہ میں کوئی پختہ سڑک نہ تھی۔ ریلوے اسٹیشن چنڈ بھی وہاں سے تقریباً دس میل کے فاصلہ پر تھا۔ علاقہ بجلی سے محروم تھا۔ زراعت کے اعتبار سے آبپاشی کے وسائل سیلابی پانی یا بارش کے سوا نہ تھے۔ نہ نہری پانی تھا، نہ کوئی ٹیوب ویل، اکثر علاقہ دریائے جہلم کے طوفانی اور کبھی کبھار دریائے چناب کی طغیانی کا بھی شکار ہو جاتا ہے، سیاسی لحاظ سے یہ علاقہ شاہ جیونہ کے شیعہ جاگیرداروں کی سیاسی اجارہ داری کی چکی میں پس رہا تھا۔ چیلہ میں ایک مڈل سکول تھا۔ دینی تعلیم حاصل کرنے کے لئے پورے ضلع میں کوئی ایسا ادارہ نہ تھا جہاں سے قرآن و حدیث کی تعلیم کی تکمیل کی جا سکے۔ البتہ درجۂ حفظ و قرآن کی حد تک دیہاتوں اور شہر میں متعدد ادارے موجود تھے۔ ضلع جھنگ رافضیت اور قادیانیت کے فتنوں کا ہیڈ کوارٹر تھا۔ ایسے تاریک ماحول میں اللہ تعالیٰ نے موضع چیلہ میں علم و حکمت کا ایک انتہائی روشن ستارہ نمودار کیا۔ جس نے اس ضلع میں خصوصاً اور پورے ملک میں عموماً ہر شعبہ میں تاریکی دور کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

خاندان

حضرت مولانا حق نواز شہیدؒ سپرا جٹ قوم کے ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتے تھے۔ آپؒ کے والد صاحب کا نام ولی محمد تھا۔ آپ کے علاوہ بھائی اور ہیں۔ بڑے بھائی کا نام شیر محمد آپ سے چھوٹے بھائی کا نام شمس الحق ہے، جبکہ

Scanned with CamScanner

سات بہنیں بھی موجود ہیں۔ آپ ؒ جب ایک سال کے تھے تو آپ کی والدہ محترمہ کا انتقال ہو گیا تھا۔ آپ کے بھائی شمس الحق ------ سوتیلی والدہ سے ہیں۔ آپ کے والد علاقہ کے مشہور کھوجی تھے اور چوروں کی نشاندہی کرنے میں منفرد مقام رکھتے تھے۔ صرف ۸ / ایکڑ رقبہ ہے جس میں مولانا شہید ؒ سمیت ۳ بھائی اور سات بہنوں کا حصہ ہے۔ مولانا کے بھائی اس رقبہ کو خود کاشت کرتے ہیں۔ مولانا شہید ؒ کی شادی مارچ ۱۹۷۷ء میں اپنے ننھیال میں ہوئی اور اب مولانا شہید ؒ نے ایک بیوہ اور تین بیٹے چھوڑے ہیں۔ بڑا بچہ اظہار الحق ہے جو تقریباً ۱۰۔ ۱۲ سال کا ہے' اس سے چھوٹا حسنین معاویہ جو تقریباً ۸ / سال کا ہے اور سب سے چھوٹا سرور نواز جو تقریباً ۳ سال کا ہے۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ تینوں بچوں کی پیدائش کے وقت مولانا جیل میں تھے' مولانا شہید ؒ کو اپنے اہل خاندان سے بڑی محبت تھی لیکن یہ محبت ان کے مشن کی راہ میں کبھی بھی رکاوٹ نہ بنی۔

عمر

مولانا شہید ۱۹۵۲ء میں پیدا ہوئے اور ۲۲ / فروری ۱۹۹۰ء بروز جمعرات کو سوا آٹھ بجے شہید کر دیئے گئے۔ اس طرح مولانا کی عمر ۳۸ سال بنتی ہے۔ مولانا کی یہ بہت بڑی سعادت ہے کہ ان کو فضیلتوں والی رات یعنی شب جمعہ میں شہید کر دیا گیا۔ ان کا جنازہ سید الایام جمعتہ المبارک کو عصر کے وقت ہوا اور تدفین عظیم رات شب معراج میں ہوئی۔ نماز جنازہ حافظ الحدیث حضرت مولانا محمد عبداللہ درخواستی نے پڑھائی۔

تعلیم و اساتذہ

مولانا شہید ؒ نے ابتدائی تعلیم گورنمنٹ مڈل سکول چیلہ سے حاصل کی۔ پرائمری تعلیم کے بعد اپنے ہی گاؤں میں اپنے ماموں حافظ جان محمد سے دو سال میں قرآن پاک حفظ کیا۔ پھر مسجد شیخاں والی عبدالحکیم ضلع خانیوال میں قاری تاج محمود صاحب سے علم قرات حاصل کیا اور اس کے بعد ملک کی معروف دینی درسگاہ دارالعلوم کبیر والا ضلع ملتان سے تفسیر' حدیث' فقہ' ادب' تاریخ' فلسفہ' منطق' صرف و نحو کے علوم حاصل کئے' آپ نے ۱۹۷۱ء میں دورۂ حدیث کی تکمیل معروف دینی ادارہ خیرالمدارس ملتان سے کی۔ دوران تعلیم ہی آپ نے کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ میں رئیس المناظرین حضرت مولانا دوست محمد قریشی ؒ اور مولانا عبدالستار صاحب تونسوی مدظلہ

العالی سے علم مناظرہ حاصل کیا۔ آپ کے اساتذہ کرام میں حضرت مولانا محمد شریف کاشمیری صاحب، حضرت مولانا محمد صدیق صاحب، صوفی محمد سرور صاحب، مولانا منظور الحق صاحب، مولانا ظہور الحق صاحب جیسے متبحر عالم شامل ہیں۔

عملی زندگی، اسلامی خدمات

تعلیم سے فراغت کے بعد مولانا شہید" ملک میں نفاذ اسلام کی جدوجہد کے لئے جمعیۃ العلماء اسلام میں شامل ہوئے اور بعد میں پنجاب کے نائب امیر بنے۔

۱۹۷۲ء میں مولانا شہید" کا ٹوبہ میں ایک دینی مدرستہ میں بطور مدرس تقرر ہوا۔

۱۹۷۳ء میں جامع مسجد پیپلیانوالی جھنگ صدر جس کا نام اب جامع مسجد حق نواز شہید" رکھ دیا گیا ہے میں بطور خطیب تشریف لائے۔ آپ" کی خطابت کا انداز ایک منفرد حیثیت کا حامل تھا۔ آپ کی تقریر قصوں، کہانیوں یا لطیفوں پر مبنی نہ ہوتی تھی بلکہ آپ کسی بھی موضوع پر اس کے بنیادی فلسفہ کو قرآن و حدیث کی روشنی میں عام فہم اور مضبوط دلائل سے مزین کر کے عوام کو ذہن نشین کراتے تھے۔ اس عجیب انداز خطابت کی بناء پر آپ ایک محلّہ کی مسجد کے خطیب نہ رہے بلکہ بہت جلد پورے شہر کے خطیب بن گئے۔ دور دور کے محلوں سے لوگ آ کر حضرت مولاناؒ کی خطابت سے مستفیض ہوتے تھے اور یہ معاملہ یہاں تک بڑھا کہ اب تو ہر جمعہ کو نہ صرف دیہاتوں کے عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد تشریف لاتی تھی بلکہ اکثر فیصل آباد، ٹوبہ، سرگودھا، ملتان، خانیوال و دیگر اضلاع کے لوگ مولانا شہید" کی تقریر سننے کیلئے تشریف لاتے تھے۔ مولانا کی تقاریر سے صرف عوام الناس ہی مستفید نہ ہوتے تھے بلکہ علماء کرام بھی اپنی مساجد میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مولانا کی مسجد میں تشریف لا کر مولانا کی تقریر سماعت فرماتے تھے اور اپنے آپ کو نئے اور مضبوط دلائل سے مزین فرماتے تھے۔ مولاناؒ نے ابتداء میں توحید و رسالت کے موضوعات پر بڑی محنت فرمائی لیکن بہت جلد یہ محسوس کیا کہ جب تک نبوت کے گواہان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت کو تسلیم نہ کرا لیا جائے اس وقت تک کوئی مسئلہ تسلیم نہیں کرایا جا سکتا۔ مولانا شہید" کا اس مسئلہ کی طرف بھرپور توجہ دینے کی وجہ جھنگ کے مخصوص مذہبی اور سیاسی حالات بھی تھے۔ پورے ضلع میں تمام بڑے زمیندار شیعہ نظریات کے حامل تھے اور اہل سنت ہر لحاظ

سے سیاسی جبرواستبداد کی چکی میں پس رہے تھے۔ صحابہ کرامؓ پر سرعام تبرا بازی کی جاتی تھی۔

۱۹۶۰ء میں حسو بلیل میں حضرت عمرؓ کا پتلا جلایا گیا تھا۔ روڈ و سلطان میں مولانا دوست محمدؒ کو شیعوں نے شہید کر دیا تھا۔ ۱۹۶۹ء میں جھنگ شہر میں باب عمر کا سانحہ پیش آ چکا تھا جہاں مولانا شیریں سمیت ۵ / اہل سنت شہید ہوئے تھے اور پھر ۱۹۷۰ء کا الیکشن پورے ضلع میں اہلسنت نظریات کی بنیاد پر جیتا گیا تھا۔ گکی نو تحصیل شور کوٹ میں شیعوں نے حافظ محمد نواز کو تلاوت کرتے ہوئے شہید کر دیا تھا۔ ان حالات کی وجہ سے حضرت مولانا شہیدؒ نے عظمت صحابہ کرامؓ کو تسلیم کرانے اور صحابہ کرامؓ کے خلاف ہر قسم کی تقریری و تحریری تبرا بازی کا خاتمہ کرانے کیلئے اپنی تمام تر توجہ اسی مسئلہ پر مرکوز فرما دی۔ مولانا شہیدؒ نے تمام دیوبندی، بریلوی اور اہلحدیث علماء کرام اور عوام الناس کو اپنے فروعی اختلافات کو نظر انداز کر کے شیعیت کے عظیم اور خطرناک ترین فتنہ کی سرکوبی کے لئے متحد ہونے کی دعوت دی اور ان کو ایک سٹیج پر لانے میں اکثر کامیاب ہوئے۔ تحفظ ناموس صحابہؓ کے نام سے ایک کمیٹی بنائی جس میں تینوں مکاتب فکر کے دو دو علماء کرام شامل تھے، جو کافی عرصہ تک اس فتنہ کے خلاف کام کرتی رہی لیکن اس کی جدوجہد صرف اپنے شہر تک یا زیادہ سے زیادہ اپنے ضلع تک محدود تھی۔ اس سے آگے وہ اپنا دائرہ کار نہ بڑھا سکی۔ مولانا شہیدؒ نے بزم امیر شریعت بھی قائم کی تھی لیکن وہ بھی محرم میں احرار پارک کا سالانہ جلسہ یا کسی اور جلسہ کے انعقاد کی حد تک رہی۔ ایران میں خمینی کی حکومت آجانے کے بعد پاکستان میں بھی شیعوں کی ریشہ دوانیاں حد سے بڑھنے لگیں۔ صحابہ کرامؓ کے خلاف تبرا بازی پر مشتمل اردو زبان میں ایرانی لٹریچر کی بھرمار ہونے لگی۔ گڑھ مہاراجہ میں قرآن پاک کو آگ لگائی گئی۔ ڈیرہ غازی خان میں مولانا شہیدؒ نے ایرانی انقلاب اور خمینی نظریات پر کڑی تنقید کی تو ان کے خلاف مارشل لاء ضوابط کے تحت مقدمہ بنا کر ڈیرہ غازی خان جیل میں قید کر دیا گیا۔ ان حالات میں مولانا شہیدؒ نے محسوس کیا کہ اس فتنہ کا مقابلہ کرنے کے لئے نوجوانوں پر مشتمل ایک مستقل جماعت قائم کی جائے۔

Scanned with CamScanner

سپاہ صحابہؓ پاکستان

چنانچہ ۲۰ ذی الحجہ ۱۴۰۵ھ بمطابق ۶/ستمبر ۱۹۸۵ء کو اپنی مسجد میں ہی سپاہ صحابہؓ پاکستان کی بنیاد رکھی۔ یہ شروع میں تو صرف ایک محلہ کی تنظیم تھی لیکن بہت جلد پورے ملک کی ایک بہت بڑی بلکہ کارکنوں کے اعتبار سے ملک کی سب سے بڑی مذہبی تنظیم بن گئی۔ سپاہ صحابہؓ نے ابتداء میں ہی جھنگ میں ایک عظیم الشان تاریخی دفاع صحابہؓ منعقد کر کے مقبولیت و محبوبیت حاصل کر لی اور سپاہ صحابہ کے موجودہ قائد مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی جیل میں تھے جلسہ کے شرکاء نے دھمکی دی کہ اگر آج شام تک مولانا فاروقی کو رہا نہ کیا گیا تو شاہراہ بند کر دی جائے گی۔ لہٰذا رات ہی کو مولانا فاروقی کو رہا کر دیا گیا اور کانفرنس میں آخری خطاب انہی کا ہوا جو رات ۲ بجے سے تین بجے تک جاری رہا۔ اس مقبولیت سے خائف ہو کر سپاہ صحابہؓ کے ذمہ دار افراد بشمول امیر عزیمت حضرت مولانا حق نواز جھنگوی خلاف شیعوں نے گھناؤنی سازشیں شروع کر دیں اور ۳۱ مئی ۱۹۸۶ء بمطابق ۲۱ رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ جھنگ کے شیعوں نے اپنا ایک آدمی خود ہی قتل کر کے مولانا شہیدؒ سپاہ صحابہ کے مرکزی صدر شیخ حاکم علی، اس وقت مرکزی جنرل سیکرٹری نسیم صدیقی جھنگ کے سابق ایم۔ پی۔ اے، شیخ محمد یوسف کے دو صاحبزادوں سمیت سترہ افراد کے خلاف قتل کا جھوٹا مقدمہ قائم کر کے فیصل آباد جیل میں پابند سلاسل کر دیا گیا جس سے پورے ملک میں اہلسنّت میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی۔ جوں جوں محرم قریب آتا گیا بے چینی بڑھتی گئی۔ آخر شیعوں کے سرکردہ افراد نے محرم پر ماتمی جلوسوں کے عدم تحفظ کے خدشہ کی بناء پر اکابر اہلسنّت سے خود درخواست کر کے ایک معاہدہ کیا جس میں شیعوں نے ہر قسم کی تبرا بازی بند کرنے کی پابندی قبول کی اور اہلسنّت کے اسیران رہا ہوئے۔ یہ معاہدہ سپاہ صحابہؓ کی بہت بڑی کامیابی تھی۔

سپاہ صحابہؓ کے قائد حضرت مولانا حق نواز جھنگویؒ کے خلاف پورے ملک میں ۱۶ ایم پی او دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی اور دیگر سنگین دفعات کے تحت مقدمات کا ایک جال بچھا دیا گیا۔ گرفتاریاں، نظر بندیاں، زبان بندیاں ایک معمول بن گیا۔ بیک وقت مقدمات کا شمار ایک سو سے تجاوز کر چکا تھا، لیکن مولانا شہیدؒ کے پائے استقامت میں ذرا سی بھی لغزش نہ

آئی۔ آپ نے اپنے مشن میں ذرہ بھر بھی لچک پیدا نہ کی۔ اس استقامت و عزیمت کو سراہتے ہوئے سپاہ صحابہؓ کے ایک اہم اور بھرپور اجلا میں سپاہ صحابہؓ کے ایک اور معزز رکن اکرام الحق صدیقی نے حضرت مولانا شہید کے لئے امیر عزیمت کا خطاب تجویز کیا۔ جسے ہاؤس نے متفقہ طور پر منظور کر لیا اور پھر اس خطاب کو ایسی مقبولیت حاصل ہوئی کہ شہادت تک حضرت مولانا شہیدؒ کی دیگر صفات میں یہ خطاب سب سے زیادہ نمایاں اور معروف تھا۔ شہادت کے بعد اب اس سے بھی بہتر خطاب "شہید ناموس صحابہؓ" کا اضافہ ہوا۔ امیر عزیمت حضرت مولانا حق نواز شہیدؒ رخصت پر عمل فرما سکتے تھے لیکن آپ نے تادم زندگی عزیمت کو اختیار فرما کر امیر عزیمت ہونے کا حق ادا فرما دیا۔

سانحہ لیہ

۱۳/ جون ۱۹۸۷ء کا سانحۂ لیہ مولانا شہیدؒ کی زندگی کا ایک عظیم سانحہ تھا۔ جمن شاہ ضلع لیہ میں جامع رحمانیہ کے سالانہ جلسۂ تقسیم اسناد میں مولانا شہیدؒ نے اپنے مخصوص عنوان اور انداز میں تقریر فرمائی۔ جلسہ بعافیت ختم ہو گیا لیکن لیہ انتظامیہ نے بلا جواز رات کی تاریکی میں گھروں پر چھاپے مار کر گرفتاریاں شروع کر دیں۔ مولانا شہیدؒ ان کے ڈرائیور محمد مقبول، سپاہ صحابہ لیہ کے سرپرست مولانا عبدالصمد آزاد شہید اور صدر قاری محمد منور سمیت کافی افراد گرفتار کر لئے گئے، مولانا شہیدؒ، مولانا آزاد اور قاری محمد منور کو ملتان جیل میں نظر بند کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ لیہ کو حالات کی درستگی کے لئے سپاہ صحابہؓ کے مرکزی صدر شیخ حاکم علی، جنرل سیکرٹری محمد یوسف مجاہد و کنوینر پنجاب مولانا محمد ایثار القاسمی شہیدؒ ایم۔ این۔ اے جھنگ نے ایک ہفتہ کی مہلت دی اور حالات کی سنگینی کا احساس دلایا لیکن نااہل انتظامیہ نے کوئی مثبت کارروائی نہ کی۔ آخر ۱۹/جون ۱۹۸۷ء کو سپاہ صحابہؓ کی اپیل پر ایک بہت بڑا لیکن پرامن جلوس لیہ کی طرف، مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی کی قیادت میں روانہ ہوا۔ راستہ میں چوبارہ کے مقام پر جلوس روکے جانے کی وجہ سے مشتعل عوام نے اسسٹنٹ کمشنر تحصیل چوبارہ کو اغواء کر لیا۔ تب ضلعی انتظامیہ لیہ کو حالات کی سنگینی کا احساس ہوا اور انہوں نے اپنے اے۔ سی کے بدلہ مولانا شہیدؒ کو فوراً رہا کرنے کا وعدہ کیا۔ یہ عظیم الشان جلوس پرامن طریقہ سے لیہ سے واپس

Scanned with CamScanner

جھنگ آ رہا تھا کہ چند خبیث اور نا اہل شیعہ پولیس افسران نے چوک اعظم اور چوبارہ کے درمیان گھیرے میں لے کر جلوس پر انتہائی ظالمانہ طریقہ سے اندھا دھند فائرنگ کر کے تین افراد ضیاء الرحمٰن ساجد (فیصل آباد) محمد بخش (کبیر والا) اور صوفی عبدالغفار (عبدالحکیم) کو موقعہ پر شہید کر دیا۔ اس ظلم و بربریت پر کراچی سے خیبر تک زبردست احتجاج ہوا۔ ضلعی انتظامیہ لیہ کے خلاف قانونی اور عدالتی چارہ جوئی کی گئی۔ آخر ڈی۔ سی لیہ اور حکومت پنجاب گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہوئی۔ مولانا شہید'' مولانا عبدالصمد آزاد اور قاری محمد منور کی نظر بندی کا خاتمہ اور تمام مقدمات میں رہائی کا فیصلہ کیا گیا اور ضلعی انتظامیہ ملتان خود اپنی نگرانی میں گاڑیوں کے ایک طویل جلوس کی شکل میں اپنی ضلعی حدود تک پہنچا کر گئی۔ مولانا کو ملتان جیل سے مورخہ ۲۷/ اگست ۱۹۸۷ء کو رات ۸ بجے رہا کیا گیا تھا لیکن راستہ میں جگہ جگہ کارکن استقبال کیلئے موجود تھے۔ اسلئے جگہ جگہ رکنا پڑا۔ اس طرح رات کو ۲ بجے ایک بڑے جلوس کی شکل میں جھنگ پہنچے۔ کارکنان کی محبت و عقیدت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ کارکنان نے وہ کار جس میں مولانا تشریف فرما تھے اپنے کندھوں پر اٹھالی۔

سانحہ بیرانی عیدگاہ

ملتان جیل سے رہائی کے اگلے روز جمعہ تھا۔ مولانا کی رہائی کی خبر ایک روز قبل اخبارات میں آ چکی تھی۔ چنانچہ نماز جمعہ میں شرکت اور مولانا شہید'' سے ملاقات کے لئے ملک کے طول و عرض سے ہزاروں نوجوان تشریف لائے ہوئے تھے کہ محلہ کی گلیوں میں دور دور تک نماز کی صفیں بنانی پڑیں۔ شیعیت سربگریباں تھی کہ اس طوفان کا مقابلہ کیسے کیا جائے۔ چنانچہ ازلی سازشی طبقہ نے فوراً ایک نئی سازش تیار کی اور اہل سنت کے دو بڑے گروہوں میں غلط فہمیاں پیدا کر کے ان کو آپس میں لڑا دیا جس کے نتیجہ میں اہل سنت (بریلوی مسلک) کے دو افراد قتل ہو گئے۔ اس بات کے قوی شواہد موجود ہیں کہ وقوعہ کے وقت مہدی قصائی اور شاقا قاضی جو انتہائی شرپسند شیعہ ہیں فائرنگ کرتے دیکھے گئے۔ بہر حال شیعیت اپنی سازش میں کامیاب ہوئی۔ جانی نقصان بھی اہلسنت کا ہوا اور قتل کے جرم میں گرفتار بھی اہلسنت ہی ہوئے۔ ایک مرتبہ پھر مولانا حق نواز جھنگوی'' اور سپاہ صحابہ'' کے مرکزی صدر شیخ حاکم علی'

Scanned with CamScanner

جنرل سیکرٹری محمد یوسف مجاہد اور ناظم دفتر شیخ محمد اشفاق، چودھری طارق افضال کو مقدمہ قتل میں ملوث کر دیا گیا۔ ہزاروں افراد اس بات کے گواہ تھے کہ سپاہ صحابہؓ کے قائدین کا اس واقعہ سے کوئی تعلق نہیں ہے، لیکن شیعیت نے پس پردہ رہ کر مولاناؒ کو گرفتار کرالیا۔ اسی طرح شیخ حاکم علی، محمد یوسف مجاہد اور شیخ محمد اشفاق پر انتہائی ظالمانہ تشدد کیا گیا اور ان تینوں کو بھی مولانا کے ساتھ ہی میانوالی جیل میں نظربند کر دیا گیا۔ مولانا شہیدؒ اور ان کے ساتھیوں نے اس ظلم کو بڑے تحمل اور بردباری سے برداشت کیا اور ۱۲ میں سے ۱۰ افراد ضمانت پر رہا ہو گئے جبکہ شیخ حاکم علی اور چودھری طارق افضال تقریباً ساڑھے تین سال تک جیل میں رہے اور آخر اہلسنت کی آپس میں صلح ہونے پر انتظامیہ کو انہیں رہا کرنا پڑا۔

قاتلانہ حملے اور شہادت

ان تمام مصائب و مشکلات کے باوجود مولانا شہیدؒ اور سپاہ صحابہؓ بڑی سرعت کے ساتھ اپنی منزل کی طرف بڑھتے رہے اور اب عالمی دفاع صحابہؓ کانفرنس کی تیاری کی جا رہی تھی تاکہ شیعیت کے خلاف پورے عالم اسلام کی ایک آواز بن کر ابھرے۔ اب شیعیت یہ محسوس کر چکی تھی کہ مولانا حق نواز جھنگوی کو ہمیشہ کے لئے اپنے راستے سے ہٹائے بغیر پاکستان میں ایرانی انقلاب کا راستہ ہموار نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ نئی حکمت عملی کے تحت ان پر قاتلانہ حملے کئے گئے۔ پہلا حملہ مورخہ ۲۹/ ۱۰/ ۸۹ کو جھنگ، سرگودھا روڈ پر ہوا جس کا پرچہ درج کرا دیا گیا۔ فقہ جعفریہ کے قائد ساجد نقوی جھنگ کا شیعہ عالم غلام عباس نجفی ایم۔ پی۔ اے، سید ظفر عباس شاہ اور عابدہ حسین ایم۔ این۔ اے کے نام نامزد کئے گئے تھے لیکن اس ایف آئی آر کا کوئی ملزم بھی گرفتار نہیں کیا گیا۔ چند دن بعد ۲۵-۱-۹۰ کو جڑانوالہ کا ایک شخص طفیل علی مولانا شہیدؒ کے گھر مولانا کے قتل کے ارادہ سے داخل ہوا جس کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کر دیا گیا لیکن اس کے اقبال جرم کے باوجود اس سے بھی کوئی مزید پوچھ گچھ نہ کی گئی۔ ۱۵ فروری ۱۹۹۰ء کو مولاناؒ شہیدؒ کو بیرون ملک سے ایک فون آتا ہے جس میں مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے مولانا عبدالستار تونسوی اور مولانا منظور احمد چنیوٹی کے قتل کے منصوبہ کی بین الاقوامی سازشیں تیار کی جا چکی ہیں۔ مولانا شہید نے

Scanned with CamScanner

مورخہ ۱۶ / فروری کے جمعہ کے خطبہ میں حکومت کو خبردار کیا کہ اس سازش کو ناکام بنایا جائے۔ مولانا نے اس سلسلہ میں صدر پاکستان جناب غلام اسحاق خان صاحب کو ایک خط بھی لکھا کیونکہ مولانا سمجھتے تھے کہ مرکزی اور صوبائی حکومتیں باہمی چپقلش کی وجہ سے کوئی بھی تعمیری کام نہیں کر رہی ہیں۔ اس لئے انہوں نے یہ خط صدر پاکستان کو لکھا تھا جو یقیناً ان کو مل گیا ہوگا۔ لیکن شائد ان کے عملہ میں موجود کسی شیعہ نے یہ خط خرد برد کر لیا ہو۔ البتہ یہ بات قطعی ناقابل یقین ہے کہ ضلعی انتظامیہ تک ۶ / روز گزر جانے کے بعد بھی مولانا کی تقریر کی رپورٹ نہ پہنچی ہو۔ جبکہ مولانا کی ہر تقریر کی رپورٹ کے لئے کئی سرکاری ایجنسیاں ہمیشہ موجود ہوتی تھیں۔

مولانا حق نواز شہید ؒ کو مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۹۰ء کو رات سوا آٹھ بجے ان کے مکان کے دروازے پر ریوالوار سے پے درپے گولیاں مار کر شہید کر دیا گیا۔

اناللہ و انا الیہ راجعون ط

مولانا شہید ؒ کی شہادت کی خبر اندرون و بیرون ملک جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی اور لوگوں میں ایک کہرام مچ گیا۔ مولانا کی شہادت کے بعد ضلعی انتظامیہ جھنگ نے جس انداز میں واقعات کو نمٹایا اور اہلسنت سے جو زیادتیاں کیں، انکی وجہ سے اب یقین ہو چلا ہے کہ مولانا کے انتباہ کے باوجود ان کی حفاظت کا قصداً بندوبست نہیں کیا اور ان کے قتل کی سازش میں انتظامیہ براہ راست ملوث ہے جس کا قطعی ثبوت یہ ہے کہ مولانا صاحب پر ۸۹ ۔ ۱۰ ۔ ۲۹ کے قاتلانہ حملہ کے بعد شہر میں ہڑتال ہوئی۔ احتجاجی جلسہ ہوا۔ ملزم نامزد کئے گئے لیکن کسی ایک شخص کی بھی گرفتاری نہ ہوئی۔ دوسرے حملہ میں طفیل نامی شخص نے سرعام کہا کہ وہ مولانا حق نواز کو قتل کرنے آیا ہے۔ اس اقبال جرم کے باوجود اس کو چھوڑ دیا گیا۔ واقعہ شہادت سے چھ روز قبل مولانا صاحب اپنی جمعہ کی تقریر میں اپنے قتل کے منصوبہ کی نشاندہی فرماتے ہیں، شہر میں بچہ بچہ کی زبان پر یہ بات عام ہو گئی تھی لیکن ضلعی انتظامیہ نے مولانا کے تحفظ کے لئے کوئی معمولی اقدام بھی نہ کیا۔ کیا یہ سارے امور اس بات کا کافی ثبوت نہ ہیں کہ ضلعی انتظامیہ مولانا کے قتل میں براہ راست ملوث تھی۔

Scanned with CamScanner

تحاریک اور انتخابات:

۱۔ مولانا شہید دارالعلوم کبیر والا میں ابھی زیر تعلیم ہی تھے کہ ایوبی آمریت کے خلاف ۱۹۶۹ء میں پورے ملک میں تحریک چلی۔ جمعیتہ علماء اسلام نے بھی اس تحریک میں حصہ لیا۔ مولانا نے بحیثیت ایک کارکن اس تحریک میں حصہ لیا اور پہلی مرتبہ گرفتار ہوئے۔

۲۔ ۱۹۷۴ء میں تحریک ختم نبوت میں بھرپور انداز میں حصہ لیا۔ اس وقت مولانا بطور کارکن خطیب جامع مسجد پپلیانوالی (جامع مسجد حق نواز شہید") میں تشریف لا چکے تھے۔ جھنگ میں اس تحریک میں حصہ لینے والے دیگر قائدین کے مقابلہ میں مولانا شہید" کی تقاریر منفرد مقام رکھتی تھی اور عوام میں ایک نیا جذبہ اور لگن پیدا کر رہی تھیں۔ اس تحریک میں بھی مولانا شہید کو گرفتار کیا گیا۔

۳۔ ۱۹۷۷ء میں تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ میں مولانا شہید" نے بھٹو آمریت کے خلاف سردھڑ کی بازی لگا دی اور انہیں ایک مرتبہ پھر پس دیوار زنداں جانا پڑا۔

۴۔ پاکستان میں کسی فوجی آمر کی حکومت ہو یا کسی سول آمر کی' مولانا شہید" نے ہر آمریت کے خلاف بھی آواز اٹھائی۔ مارشل لاء دور میں بھی متعدد مرتبہ گرفتار ہوئے۔ بحالی جمہوریت کے لئے اپنی آواز بلند فرماتے رہے لیکن اس تحریک میں اتنی احتیاط فرماتے رہے کہ جھنگ میں پیپلزپارٹی کے شیعہ لیڈروں کے ساتھ اس سٹیج پر کبھی نہیں آئے۔ اپنی مسجد سے تحریک بحالی جمہوریت کے لئے کام کرتے رہے۔

۵۔ ۱۹۸۵ء کے غیر جماعتی انتخابات ہوئے تو جمعیتہ علماء اسلام نے ان انتخابات کا بائیکاٹ کیا۔ لیکن مولانا نے جماعت سے اجازت لے کر جھنگ میں عابدہ حسین اور امان اللہ خان سیال شیعہ امیدواروں کی مخالفت میں تقاریر فرمائیں اور انتخابی دورے کئے بلکہ عابدہ حسین کے مقابلہ میں ایک سنی امیدوار غلام احمد گاڈی کو مولانا نے

Scanned with CamScanner

خود کھڑا کیا تاکہ عابدہ حسین بلامقابلہ کامیاب نہ ہو جائے۔

۶۔ ۱۹۸۸ء میں جماعتی انتخابات ہوئے تو جمعیتہ علماء اسلام کے ٹکٹ سے مولانا شہیدؒ نے جھنگ کے قومی اسمبلی کے حلقہ این۔ اے ۶۸ سے الیکشن میں حصہ لیا۔ آپ کے مقابلہ میں شیعہ لیڈر عابدہ حسین بطور آزاد امیدوار اور ذوالفقار علی بخاری بطور امیدوار پیپلز پارٹی تھے۔ یہ سب پرانے پارلیمینٹرین تھے۔ مولانا نے کسی بھی الیکشن میں ذاتی طور پر پہلی مرتبہ حصہ لیا تھا۔ وسائل کے اعتبار سے مولانا کا اپنے مخالفین سے کوئی مقابلہ ہی نہ تھا' بہر حال مولانا نے اپنے مثبت پروگرام کی وجہ سے شہر میں انتہائی مقبولیت حاصل کر لی۔ البتہ دیہی علاقہ کی انتخابی مہم میں عدم وسائل' عدم رابطہ اور وقت کی کمی کے باوجود مولانا نے تقریباً چالیس ہزار ووٹ حاصل کئے اور شہری علاقہ میں اپنے مد مقابل امیدوار سے ۱۵۰۰۰ ووٹوں کی برتری حاصل کی۔ پڑھے لکھے لوگوں نے مولانا کے موقف کو بڑی تیزی سے قبول کیا اور تعلیم یافتہ لوگوں کے ووٹ سب سے زیادہ مولانا ہی کو ملے۔ اس بات کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ ریٹرننگ آفیسر کے دفتر میں جب سرکاری ملازمین کے ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ووٹ گنے گئے تو مولانا کے حق میں ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد ۱۷۲ اور پیپلز پارٹی کے امیدوار سید ذوالفقار علی بخاری کے حق میں ڈالے گئے ووٹوں کی تعداد صرف ۵۴ تھی۔ اس طرح باقی تینوں امیدواروں کے حاصل کردہ مجموعی ووٹوں سے مولانا کے حاصل کردہ ووٹ زیادہ تھے۔ اب مولانا شہیدؒ عوام کے مسائل حل کرانے میں بھرپور توجہ دے رہے تھے اور اس وقت آئندہ الیکشن کے اعتبار سے رائے عامہ مولانا کے حق میں سب سے زیادہ تھی اور یہ بات مخالفین خصوصاً عابدہ حسین سے مخفی نہ تھی۔ مولانا کو اپنے راستہ سے ہٹانے کی ایک وجہ یہ بھی تھی۔

۷۔ جہاد افغانستان میں سپاہ صحابہؓ کے بہت سے کارکنوں نے عملی طور پر حصہ لیا۔ کچھ کارکن شہید بھی ہوئے۔ مارچ ۱۹۹۰ء میں خود مولانا شہیدؒ کا اپنی جماعت کے تقریباً

۴۰ افراد کے ہمراہ جہاد افغانستان میں شمولیت کا ارادہ تھا۔

۸۔ جہاد کشمیر کے سلسلہ میں ۵ فروری ۱۹۹۰ء کو ملک گیر ہڑتال ہوئی تو مولانا نے فوارہ چوک (حق نواز شہید ؒ چوک) میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب فرماتے ہوئے حکومت کو پیش کش کی کہ اگر حکومت مجاہدین کو کشمیر بھیجنے کا بندوبست کرے تو وہ سپاہ صحابہ کی جانب سے ۵۰ ہزار مجاہدین بھیجنے کیلئے تیار ہیں۔ مولانا کی شہادت پر شدید رکاوٹوں کے باوجود مولانا کے جنازہ میں ملک کے طول و عرض سے اتنی کثیر تعداد میں لوگوں کی شمولیت سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ ۵۰ ہزار مجاہدین کا مہیا کرنا مولانا کے لئے کوئی مشکل نہ تھا۔

۹۔ سندھ کی صورت حال پر مولانا کو بڑی تشویش تھی۔ آپ نے کراچی، حیدر آباد، سکھر اور اندرون سندھ کے دورے کئے۔ وہاں کے عوام کو علاقائی عصبیت کے نقصانات اور باہمی اخوت و محبت کی برکات سے آگاہ فرمایا اور حکومت سے صورت حال کو بروقت کنٹرول کرنے کی اپیل کی۔ آپ ؒ قرآن و حدیث کی روشنی میں مہاجرین و انصار صحابہ کرام ؓ کی آپس کی محبت کی مثالیں بیان فرمایا کرتے تھے۔ آپ مہاجر اور سندھی نوجوانوں سے فرمایا کرتے تھے کہ اگر وہ اپنی مہاجر یا سندھی ماں کیلئے نہ لڑیں بلکہ سب کی امی عائشہ صدیقہ ؓ کے مقدس دوپٹہ کی عظمت کے لئے لڑیں۔ تو اس سے بڑی کیا سعادت ہو سکتی ہے۔

۱۰۔ مرکز اور پنجاب کی اس دور کی محاذ آرائی پر مولانا کو بڑی تشویش تھی۔ مولانا فرمایا کرتے تھے کہ اس ساری کارروائی کے پیچھے دونوں طرف کے شیعہ لیڈروں کا ہاتھ ہے وہ قوم کو آپس میں لڑا کر پاکستان میں ایرانی انقلاب کا راستہ ہموار کر رہے ہیں۔

جامعہ محمودیہ

جیسا کہ شروع میں عرض کیا گیا کہ جھنگ میں قرآن و حدیث کا کوئی ایسا معیاری ادارہ نہ تھا جس میں درس نظامی کی مکمل تعلیم دی جاتی ہو۔ مولانا شہید ؒ نے اس کمی کو دور فرمانے کیلئے گوجرہ روڈ پر تقریباً ۷ کنال جگہ لے

کر حضرت مولانا مفتی محمود نور اللہ مرقدہ' سے منسوب کر کے جامعہ محمودیہ کی بنیاد رکھی۔ جس نے چند سالوں میں نامساعد حالات کے باوجود نمایاں ترقی کی اور اب اس میں تقریباً دو صد طلباء قرآن و حدیث کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ جامعہ محمودیہ کے لئے ایک مرتبہ ضلعی چیئرمین عشر زکوٰۃ کمیٹی چودھری محمد ادریس نے ایک لاکھ روپے زکوٰۃ فنڈ سے ارسال کیا تو مولانا شہیدؒ نے یہ لکھ کر واپس فرما دیا کہ ہمارا مدرسہ سرکاری زکوٰۃ کی خطیر رقم کے مقابلہ میں غریب عوام کی پر خلوص امداد کو ترجیح دیتا ہے۔

امیر عزیمت مولانا حق نواز شہیدؒ بیک وقت ایک بے مثال خطیب، مبلغ، مجاہد، سیاسی لیڈر، سماجی کارکن جمیعتہ علماء اسلام کے رہنما سپاہ صحابہؓ کے سرپرست اعلیٰ متحدہ علماء کونسل کے رہنما جامعہ محمودیہ کے مہتمم ایک خاوند، ایک باپ، ایک بھائی، لاکھوں دلوں کی دھڑکن تھے اور سینوں کے بے تاج بادشاہ تھے۔

عظیم خوشخبری

قائدین سپاہ صحابہؓ کی ولولہ انگیز جرأت مند اور تاریخی تقاریر پر مشتمل لاجواب اور بہترین ریکارڈنگ کے ساتھ آڈیو کیسٹیں اور

سپاہ صحابہؓ کے نظریاتی اور فکری نعروں کے خوبصورت اور دیدہ زیب رنگا رنگ اسٹکرز، کی رنگ، جھنڈے، بٹوے، بیج، ڈائریکٹری، ٹیبل جھنڈے، کیلنڈر اور ٹوپیاں حاصل کرنے کے لئے۔

معاویہؓ علیؓ بھائی بھائی

اسلامی کیسٹ اینڈ سٹکرز ہاؤس

ادارہ اشاعت المعارف ریلوے روڈ فیصل آباد فون ۳۱۱۲۴

مولانا حق نواز شہید کی تقاریر سے اقتباسات

سپاہ صحابہؓ کی تحریک پھولوں کی سیج نہیں ہے

"سپاہ صحابہؓ کی تحریک پھولوں کی سیج نہیں ہے' اس میں مشکلات و مصائب سے دو چار ہونا لازمی امر ہے جو نوجوان ہمارے ساتھ شریک ہونا چاہتا ہے اسے خوب سوچ سمجھ کر اس وادی پر خار میں قدم رکھنا ہوگا' اس پر ہر قسم کے طعنے دھرنے کا کام پہلے اپنوں کی طرف سے شروع ہوگا' اس کے نظریات کی پختگی اور اپنے موقف پر سختی سے کاربند رہنے کو مورد طعن قرار دیا جائے گا' عافیت کوش او دوں ہمت علماء بھی اسے مصلحت براری کا درس دیں گے' لیکن میرے نزدیک ایسے ماحول میں جبکہ بازاروں میں اصحابؓ رسول ﷺ کو گالیاں دی جا رہی ہوں ازواج مطہراتؓ کے خلاف غلیظ زبان و قلم استعمال ہو رہی ہو' صحابہ کرامؓ کی بیٹیوںؓ کی شفاف چادر کو طعن و تشنیع سے آلودہ کیا جا رہا ہو' ایسے کھلے کفر کے خلاف کھل کر کام کر لینا ہی اسلاف کی سنیت طیبہ ہے۔"

(کبیر والا ضلع ملتان میں کارکنوں سے خطاب)

میرا مشن مدح صحابہؓ کا فروغ ہے

"سپاہ صحابہؓ عالم اسلام میں امام اہلسنت مولانا عبدالشکور لکھنوئیؒ کی تحریک کو زندہ کرنا چاہتی ہے' اس کا مشن دراصل انہی تعلیمات کا فروغ ہے جو حضرت امام شاہ ولی اللہ کی نامور کتاب ازالتہ الخفاء سے عیاں ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے انہی افکار کا غازہ سب سے پہلے حضرت مولانا عبدالشکور لکھنوئیؒ نے نمودار کیا تھا' ان کے دور میں شیعہ کی سرگرمیاں' تصنیف و تحریر اور وعظ و تقاریر تک محدود تھیں لیکن آج جبکہ ایران میں ایک متعصب شیعہ حکومت قائم ہو چکی ہے۔ شام میں حافظ الاسد نے شیعہ کے نصیری فرقہ کے افکار کو نظام حکومت کی بنیاد قرار دے رکھا ہے۔ لبنان کے ایک حصہ میں شیعہ ریاست قائم ہے عراق میں ۵۵ فیصد آبادی متعصب شیعہ سے تعلق رکھتی ہے یہ سب لوگ اپنی اپنی جگہ پر اپنے نظریات کے فروغ میں سرگرم عمل ہیں۔ ایران سے براہ راست پاکستان کے شیعہ کی

Scanned with CamScanner

